**20.03.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

........................................................................

☆ آج چھتیس گڑھ میں دو علیحدہ جھڑپوں میں 30ماؤنواز ہلاک ہوگئے ہیں۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے اِسے نکسل سے آزاد بھارت کے تئیں ایک اور بڑا قدم قرار دیا ہے۔

☆ وزارت دفاع نے فوجی اور فضائی دفاعی آلات کی خریداری کیلئے 54ہزار کروڑ روپئے کے معاہدے کو منظوری دی ہے۔

☆ پارلیمنٹ میں مجوزہ حدود بندی پر DMK کے مظاہروں کے مابین شور شرابے کے مناظر دیکھنے میں آئے۔

☆ EPFO نے اِس سال جنوری میں 17لاکھ نواسی ہزار اراکین کا اندراج کیا ہے۔

☆ اور... کھیلو انڈیا پیرا گیمز کا دوسرا ایڈیشن آج تیسرے پہر نئی دلّی کے اندرا گاندھی انڈور اسٹیڈیم میں شروع ہوگیا ہے۔

........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**Rev Eve Chhattisgrah Encounter**

چھتیس گڑھ میں آج دو الگ الگ واقعات میں 30ماؤنواز مارے گئے ہیں۔ ماؤنوازوں کی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں۔ جائے وقوع سے بڑی تعداد میں خودکار ہتھیار اور دھماکہ خیز مادہ بھی برآمد کیا گیا ہے۔ ماؤنوازوں کے ساتھ جھڑپ میں سکیورٹی فورس کا ایک جوان بھی شہید ہوگیا۔

ایک رپورٹ.............

VC Vikalp Shukla

چھتیس گڑھ میں پہلی جھڑپ آج بیجاپور میں ہوئی۔ سکیورٹی فورسز کو یہ جانکاری ملی تھی کہ بیجاپور اور دانتے واڑہ ضلعوں کے سرحدی علاقے کے جنگل میں بڑی تعداد میں ماؤنواز موجود ہیں۔ اس کے بعد، مختلف ضلع سے سکیورٹی فورسز کی ٹیموں کو اِس علاقے کیلئے روانہ کیا گیا۔ ضلع کے گنگلور علاقے میں آج صبح تقریباً 7بجے سکیورٹی فورسز اور ماؤنوازوں کے درمیان جھڑپ شروع ہوئی۔ دونوں جانب سے رُک رُک کر فائرنگ کی جاتی رہی۔ جھڑپ کے بعد، سکیورٹی فورسز نے جائے وقوع سے 26ماؤنوازوں کی لاشیں برآمد کیں۔ اس کے علاوہ بڑی تعداد میں ہتھیار اور گولی

بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔ضلع ریزروگارڈ DRG کا ایک جوان بھی اس جوان میں شہید ہوگیا۔
دوسری جھڑپ Kanker اور نارائن پورضلع کے سرحدی علاقے میں ہوئی۔ اِس جھڑپ میں چار ماؤنواز ہلاک ہوگئے۔ ماؤنوازوں کے خودکار ہتھیاروں کو بھی جائے وقوع سے برآمد کیا گیا۔اِن جھڑپوں کی کارروائیوں میں سینٹرل ریزرو پولیس فورس CRPF، اسپیشل ٹاسک فورس STF اورضلع ریزرو گارڈ DRG کے جوان شامل تھے۔
بیجاپور سے کے سنتوش کمار اور Kanker سے پانڈے کے ساتھ رائے پور سے آکاشوانی نیوز کیلئے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں۔.......

## Shah Naxal

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ نریندر مودی کی حکومت،نکسل وادیوں کے خلاف سخت رسائی کے ساتھ پیشرفت کر رہی ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ حکومت اُن انتہاپسندوں کے خلاف صفر برداشت کی پالیسی اپنا رہی ہے، جو تمام سہولیات کی پیشکش کرنے کے باوجود، خودسپردگی نہیں کر رہے ہیں۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ ملک کے سپاہیوں نے نکسل مکت بھارت ابھیان کی سمت میں آج ایک اور بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ ملک اگلے سال 31مارچ تک نکسل سے آزاد ہوجائے گا۔x

## Defence Procurment

سرکار نے T-90ٹینکوں، Varunstra Torpedoes اور Airborne پہلے سے وارننگ اور کنٹرول کے ائیرکرافٹ نظاموں کے لئے HP 1350 انجنوں کی خریداری کی منظوری دی ہے۔ آج وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کی قیادت میں دفاعی تحویل کی کونسل کی میٹنگ میں یہ منظوری دی گئی۔ اس پر 54ہزار کروڑ روپے سے زیادہ خرچ ہوں گے۔ وزارت دفاع کے مطابق HP 1350 انجن کی خریداری سے بھارتی فوج کی T-90ٹینکوں کے موجودہ ایک ہزار HP انجن کی جدیدکاری کی جائے گی۔ اس سے اِن ٹینکوں کی میدان جنگ اور خاص طور پر بالائی علاقوں میں نقل و حرکت بہتر ہوسکے گی۔x

## PAR Adjourn

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی، لوک سبھا اور اسمبلی حلقوں کی مجوزہ حدود بندی پر DMK اور اپوزیشن کے دیگر کچھ اراکین پارلیمنٹ کے احتجاج کے بعد، دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔ لوک سبھا میں دو بجے، دوسری مرتبہ کارروائی ملتوی کرنے کے بعد، جب ایوان کی کارروائی شروع ہوئی، تو ایوان کی کارروائی کو دن بھر کیلئے ملتوی کردیا گیا کیونکہ DMK کے اراکین پارلیمنٹ کو ایک بار پھر مجوزہ حدود بندی کے خلاف احتجاج میں ٹی–شرٹس پہنے ہوئے دیکھا گیا۔ پریزائڈنگ آفیسر نے احتجاجی اراکین کے رویے پر اعتراض کیا۔ کیونکہ شور شرابے میں اضافہ ہوتا رہا، اس لئے ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔ اس سے قبل، ایوان کی کارروائی، مجوزہ حدود بندی پر اپوزیشن اراکین پارلیمنٹ کے احتجاج کے مابین دو مرتبہ ملتوی کی گئی۔

اس معاملے پر راجیہ سبھا کی کارروائی کو بھی چار مرتبہ ملتوی کیا گیا۔ جب دو بجے تیسری مرتبہ ملتوی کئے جانے کے بعد، ایوان کی کارروائی پھر سے شروع ہوئی تو ڈپٹی چیئرمین ہری ونش نے، اِس معاملے پر، ایوانِ بالا میں ٹی–شرٹ پہنے ہوئے DMK کے اراکین پارلیمنٹ کے نعروں کی وجہ سے پیدا ہوئے تعطل کے مابین ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی۔x

## BJP Whip

بی جے پی نے اپنے ارکان لوک سبھا کے لئے وہپ جاری کرکے انھیں ہدایت دی ہے کہ وہ کل ایوان زیریں میں موجود رہیں۔ ذرائع نے کہا ہے کہ یہ وہپ جاری کی گئی ہے کیونکہ ایوان مرکزی بجٹ کے سلسلے میں مختلف وزارات کی گرانٹس کے لئے مطالبے کو منظوری دے گا۔x

## Prez Udyan Utsav

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راشٹرپتی بھون میں واقع امرت اُدیان میں اُدیم اُتسو کا دورہ کیا۔ اپنے دورے کے دوران، محترمہ مرمو کئی پویلین گئیں جہاں ہینڈی کرافٹ اور کھانے پینے کی چیزوں کی نمائش کی گئی۔ چھوٹے، درمیانی اور اوسط درجے کی کمپنیوں کی وزارت نے اس کا اہتمام کیا ہے۔ یہ 30مارچ تک جاری رہے گا۔x

## LS Farmers

سرکار نے ڈبہ بند خوراک کے شعبے سے متعلق اپنی مختلف اسکیموں کے تحت بنیادی ڈھانچے کے 1100سے زیادہ پروجیکٹوں کی منظوری دی ہے۔ اس سے پانچ لاکھ سے زیادہ کسانوں کو فائدہ ہوگا۔ ان اسکیموں میں پردھان منتری کسان سمپدا یوجنا، ڈبہ بند خوراک کی صنعت کے لئے پیداوار سے متعلق ترغیبی اسکیم اور مرکز کے PM چھوٹے ڈبہ بند خوراک کی کمپنی اسکیم شامل ہیں۔ آج لوک سبھا میں ڈبہ بند خوراک کی صنعتوں کے وزیر مملکت رَونیت سنگھ نے ایک تحریری جواب میں یہ بات کہی۔ انھوں نے کہا کہ وزارت نے 46ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم سے 41 میگا فوڈ پارک کی بھی منظوری دی ہے۔x

## Rev Vaishnaw Awards

الیکٹرانکس اور IT کے وزیر اشونی ویشنو نے زور دیا ہے کہ بھارت سروس سیکٹر میں بہتر کام کررہا ہے اور اب اسے مصنوعات سازی کا بھی ایک ملک بننا ہے۔ آج شام نئی دلی میں Indian Web Browser Development Challenge and Chips to Start-ups پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے جناب ویشنو نے روایتی طریقہ کار سے ایک شراکتی ماڈل کی طرف منتقلی کو اجاگر کیا، جہاں منتخب سرکاری ادارے کی قیادت میں ترقی ہوتی تھی۔ انھوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ آج تعلیم سے وابستہ لوگ، اسٹارٹ اپس، طلباء اور تحقیق کار

ایک ساتھ آ کر اختراع کررہے ہیں اور نئے حل پیش کررہے ہیں۔انھوں نے کہا کہ سرکار نے مقامی طور پر براؤزر تیار کرنے کا چیلنج پیش کیا تھا اور تعلیم سے وابستہ افراد، اسٹارٹ اپس، طلباء اور تحقیق کاروں نے جوش و خروش کے ساتھ اسے قبول کیا۔جناب ویشنو نے کہا کہ بھارت کے اپنے براؤزر کے فوائد، اعداد و شمار کی سیکورٹی ہوگی اور یہ ڈیٹا کے تحفظ سے متعلق قانون کے تحت ہوگا۔ یہ براؤزر Windows،iOS اور Andriod پر قابل استعمال ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ حل صنعت کے تمام جہتوں سے آنے چاہئیں اور تمام باصلاحیت لوگوں کو ایک ساتھ مل کر حل پیش کرنا چاہیئے۔

(Byte Ashwani Vwshnaw)

وزیر موصوف نے اُن حصہ لینے والوں پر فخر کا اظہار کیا، جنھوں نے بھارتی ضرورتوں کے مطابق ایک قابل اعتماد ویب براؤزر کی تخلیق میں زبردست اختراع، بے مثال تخلیقی مظاہرہ، مہارت کا مظاہرہ کیا۔ جناب ویشنو نے کہا کہ خوشی کی بات یہ ہے کہ زیادہ تر کامیاب ہونے والے دوسرے اور تیسرے درجے کے شہروں سے ہیں۔ الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کی وزارت کے سکریٹری ایس کرشنن نے مقامی ویب براؤزر اور اُس کے فیچر کی اہمیت کو اجاگر کیا۔Zoho کارپوریشن کو فاتح قرار دیا گیا ہے۔ اسٹارٹ اپ ٹیم PING دوسرے مقام پر جبکہ دوسرے اسٹارٹ اپ ٹیم Ajna تیسرے مقام پر رہی۔ اُن کی خدمات کے اعتراف میں پہلا انعام حاصل کرنے والے کو ایک کروڑ، دوسرے نمبر پر رہنے والے کو 75لاکھ اور تیسرے مقام پر آنے والے کو 50لاکھ کی رقم دی گئی ہے۔x

## Punjab Farmers

پنجاب میں ہریانہ کے ساتھ لگنے والے شمبھو اور کھنوری چیک پوائنٹس سے احتجاج کرنے والے کسانوں کو کل شام پر امن طور پر ہٹانے اور کسانوں کے عارضی ڈھانچوں کو ختم کرنے کے بعد پنجاب سے ہریانہ جانے کے لئے شمبھو روڈ کا ایک سائٹ آمد و رفت کے لئے کھول دیا گیا ہے۔ پٹیالہ کی ڈپٹی کمشنر پریتی یادو نے شمبھو چیک پوائنٹس کے نزدیک انبالہ- دلی شاہراہ کا جائزہ لیا۔ دونوں سرحدی پوائنٹس، کسانوں کے احتجاج کی وجہ سے تقریباً ایک سال سے زیادہ عرصہ تک بند رہے۔ کسان فصلوں پر قانونی MSP اور دوسرے مطالبات کے ساتھ وہاں احتجاج کررہے تھے۔ پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Rajesh Bali

ڈپٹی کمشنر پریتی یادو نے پولیس کے سینئر سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر نانک سنگھ کے ساتھ انبالہ کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ ایک آن لائن میٹنگ کی اور ٹریفک کی بحالی پر تبادلہ خیال کیا۔ انھوں نے کہا کہ پنجاب سے ہریانہ جانے والی سڑک صاف کرلی گئی ہے اور ہریانہ بھی جلد ہی ایسا کرے گا۔ شاہراہ اتھارٹی بی شمبھو چیک پوائنٹ کے نزدیک اوور برجوں کا جائزہ لے رہی ہے۔ NHAI کی منظوری کے بعد جلد ہی بھاری ٹرکوں کی آمد و رفت کی اجازت دی جائے گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ شمبھو اور Dhabi Gujran چیک پوائنٹس پر کسانوں کے ٹریکٹرز ٹرالی اور دوسرے ساز و سامان محفوظ ہیں اور کسان اسے لے جاسکتے ہیں۔

جالندھر سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لئے میں ---------

## Uttrakhand Char Dham Yatra

اتراکھنڈ میں چاردھام یاترا کیلئے رجسٹریشن شروع ہوگیا ہے۔ آج شام 5 بجے تک ایک لاکھ 75ہزار عقیدتمندوں نے رجسٹریشن کرایا ہے، جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔ اس سال رجسٹریشن میں آدھار کے ذریعہ تصدیق کی جائے گی اور عقیدت مندوں کو رجسٹریشن کے دوران آدھار کارڈ کی اپنی تفصیلات فراہم کرنی ہوں گی۔ کُل رجسٹریشن میں سے 60 فیصد آن لائن، جبکہ 40فیصد آف لائن کئے جائیں گے، جس سے عقیدت مندوں کو پریشانی نہ ہو۔ اس عمل میں سہولت فراہم کرنے کیلئے ہری دوار اور رِشی کیش سمیت سفر کے راستوں پر رجسٹریشن مراکز کی تعداد میں اضافہ کیا جائے گا۔ عقیدت مند registrationandtouristcare.uk.gov.in پر آن لائن اندراج کراسکتے ہیں۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ چار دھام یاترا 30اپریل کو گنگوتری اور یمنوتری دھام کے کپاٹ کھلنے کے ساتھ شروع ہوگی۔×

## ED SDPI Search

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے آج سوشل ڈیموکریٹیک پارٹی آف انڈیا کے خلاف منی لانڈرنگ میں اپنی تفتیش کے حصے کے طور پر ملک بھر میں سات مقامات پر چھاپے ماری کی ہے۔ کیرالہ کے Kottayam اور Palakkad، تمل ناڈو کے کوئمبٹور اور ویلور، راجستھان کے بھیل واڑہ اور کوٹہ اور مغربی بنگال کے کولکتہ میں چھاپے ماری کی کارروائی کی ہے۔

## J&K Vacant Posts

جموں وکشمیر میں وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے آج قانون ساز اسمبلی کو بتایا کہ اُن کی سرکار نے اس سال کے آخر تک گزیٹیڈ اور نان گزیٹیڈ دونوں زمروں میں سات ہزار 253خالی آسامیاں بھرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ وزیر اعلیٰ مزید بتایا کہ پچھلے سو سالوں میں دونوں زمروں میں گیارہ ہزار 526 امیدواروں کو انتخاب کیا جاچکا ہے۔ وزیراعلیٰ، جن کے پاس عوامی انتظامیہ کا محکمہ بھی ہے، ممبر اسمبلی ستیش کمار شرما کے ایک سوال کا جواب دے رہے تھے۔x

## EPFO Members

ملازمین کے پرووِیڈنٹ فنڈ کی تنظیم EPFO نے اس سال جنوری میں 17لاکھ 89ہزار ممبروں کو منسلک کیا ہے۔ دسمبر 2024کے مقابلے اس میں 11اعشاریہ چار آٹھ فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ محنت و روزگار کی وزارت نے اس کا سہرا نوکریوں کے بڑھتے ہوئے مواقع، ملازمین کے فوائد کے بارے میں بڑھتی ہوئی بیداری اور EPFO کے مؤثر آؤٹ ریچ اقدامات کے سر باندھا ہے۔ EPFO کے مطابق جنوری 2025میں تقریباً آٹھ لاکھ 23ہزار نئے ممبران جوڑے گئے ہیں۔ x

### Rev Khelo India Para Games

کھیل کود اور نوجوانوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے کہا ہے کہ کھیلو انڈیا پیرا گیمز کھلاڑیوں کو بہترین مواقع فراہم کرتا ہے جو انھیں کامیابی کی راہ پر چلنے میں مدد دیتے ہیں۔ آج نئی دلّی کے اندرا گاندھی انڈور اسٹیڈیم میں کھیلو انڈیا پیرا گیمز 2025 کی افتتاحی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے انھوں نے ہر ایک کھیلو انڈیا تقریب کے تئیں پرجوش ردعمل پر اپنی خوشی کا اظہار کیا۔

انھوں نے اجاگر کیا کہ کھیلو انڈیا اُن کھلاڑیوں کیلئے ایک متحد پلیٹ فارم بن گیا ہے جو ملک کیلئے شان پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ سماجی انصاف اور تفویض اختیارات کے مرکزی وزیر ڈاکٹر وریندر کمار، اروناچل پردیش کے کھیل کود اور نوجوانوں کے امور کے وزیر Kento Jini، بھارت کی پیرا لمپکس کمیٹی کے صدر، سابق پیرا لمپئن دویندر جھاجھریا نے بھی اس تقریب میں شرکت کی۔

ڈاکٹر مانڈویا نے، کھیلو انڈیا یوتھ گیمز، کھیلو انڈیا اسکول گیمز، کھیلو انڈیا وِنٹر گیمز اور کھیلو انڈیا پیرا گیمز سمیت بھارتی کھیل کود میں کھیلو انڈیا کے نمایاں تعاون پر زور دیا۔ انھوں نے بھارتی کھلاڑیوں کی اُن کے ٹیلنٹ اور لگن کے ذریعے ملک کیلئے فخر پیدا کرنے کی ستائش کی۔

S/B Mansukh Mandaviya

اپنے خطاب میں ڈاکٹر وریندر کمار نے کھیلو انڈیا پیرا گیمز 2025 کو ایک عالمی درجے کا پلیٹ فارم قرار دیا جہاں بھارتی کھلاڑی ایک قومی اسٹیج پر اپنے ٹیلنٹ کیلئے مقابلہ اور اُس کی نمائش کرسکتے ہیں۔

S/B Dr Virendra Kumar

کھیلو انڈیا مشن کے تحت ایک کلیدی پہل کے طور پر، پیراگیمز، ہونہار کھلاڑیوں کیلئے اپنی مہارت کا اعلیٰ سطح پر مظاہرہ کرنے کیلئے ایک اسٹیج فراہم کرتا ہے۔آٹھ روزہ اِس چمپئن شپ میں ایک ہزار 300سے زیادہ پیرا کھلاڑی 6زمروں کے مقابلے میں حصہ لیں گے، جن میں پیرا تیر اندازی، پیرا ایتھلیٹکس، پیرا بیڈمنٹن، پیرا پاور لفٹنگ، پیرا شوٹنگ اور پیرا ٹیبل ٹینس شامل ہیں۔x

### Goyal Pero

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے آج نئی دلی میں پیرو کے تجارت اور سیاحت کی وزیر Ursula Desilu Leon Chempen س ملاقات کی۔ جناب گوئل نے دونوں ملکوں کے درمیان مستحکم ہوتے ہوئے اقتصادی تعلقات اور آزاد تجارتی سمجھوتے پر ہونے والی بات چیت پر تبادلہ خیال کیا۔ انھوں نے ایک متوازن اور مساوی سمجھوتے کی ضرورت پر زور دیا، جس میں باہمی تجارتی ترجیحات کا خیال ہو۔ جناب گوئل بات چیت میں تیزی لانے کی بات کہی اور بہتر تجارتی اور سرمایہ کاری کے تئیں اپنے عہد کا بھی اعادہ کیا۔جناب گوئل نے چلی کے بین الاقوامی اقتصادی تعلقات کی انڈر سکریٹری Clauda Sanhueza کے ساتھ بھی ایک میٹنگ کی۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت—چلی تجارتی اور سرمایہ کاری کو تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔

## Jitendra Bill Gates

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج نئی دہلی میں مائیکرو سافٹ کے کو - فاؤنڈر اور انسان دوست Bill Gates کے ساتھ تبادلہ خیال کیا ہے۔ اس میٹنگ کا مقصد بھارت کے اختراع پسندی اور بڑھتے ہوئے بائیو مینوفیکچرنگ میں پرائیوٹ شعبے اور اسٹارٹ اپس کی شراکتداری کی توسیع کرنا ہے۔ میٹنگ کے دوران ڈاکٹر سنگھ نے زور دیا کہ ملک نے بائیو E-3 جیسی پالیسیوں کی مدد سے بایو ٹیک اختراعات میں زبردست ترقی کی ہے۔ بائیوE-3 کا مطلب معیشت، روزگار اور ماحولیات کے لئے بایو ٹیکنالوجی ہے۔ جناب Gates نے بایوٹیک کے شعبے میں بھارت کی ترقی کی ستائش کی اور شراکتداری سمیت ویکسین بنانے میں اس کی قیادت کی اعتراف کیا۔

انھوں نے TB اور ملیریا جیسی بیماریوں سے نمٹنے میں بھارت کی کوششوں کو تعاون دینے میں اپنی دلچسپی کا بھی اظہار کیا۔ xx

## Stocks Close

اندرونِ ملک حصص کا عدد اشاریہ آج ایک فیصد سے زیادہ اضافے کے ساتھ بند ہوا۔ یہ اضافہ امریکی فیڈرل ریزرو کے ذریعے سال کیلئے اپنے ریٹ–کٹ پروجیکشن کو برقرار رکھنے کے بعد تمام شعبوں میں خریداری میں اضافے اور مثبت عالمی رجحانات کی وجہ سے ہوا ہے۔ Bombay اسٹاک ایکسچینج، Sensex میں 30 حصص کے اشاریے میں 899 پوائنٹس یا ایک اعشاریہ ایک نو فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ 76 ہزار 348 پر بند ہوا۔ قومی اسٹاک ایکسچینج، نفٹی– 50 میں بھی 283 پوائنٹس یا ایک اعشاریہ دو چار فیصد کا اضافہ دیکھنے میں آیا جو 23 ہزار 191 پوائنٹس کے ساتھ بند ہوا۔x

## CBI Sub Inspector Arrest

تحقیقات کی مرکزی بیورو CBI نے دلّی پولیس کے ایک سب انسپکٹر کو، ڈھائی لاکھ روپے کی رشوت کا مطالبہ کرنے اور اُسے وصول کرنے کیلئے گرفتار کیا ہے۔ CBI نے مزید کہا کہ یہ رشوت، ممبئی، تمل ناڈو میں Erode اور نئی دلّی میں قائم بہت سے حوالہ آپریٹروں کے ذریعے کی گئی جزوی ادائیگی کا حصہ تھی۔x

## NHAI Tool

بھارت کی قومی شاہراہوں کی اتھارٹی NHAI نے، ٹول پلازہ پر فیس جمع کرنے میں بے ضابطگیوں کیلئے 14 یوزر فیس کلکشن ایجنسیوں پر پابندی لگا دی ہے۔ ایک بیان میں سڑک نقل وحمل اور شاہراہوں نے آج کہا کہ سمجھوتے کی دستاویزات کی شقوں کی خلاف ورزی کیلئے ان ایجنسیوں پر دو سال کیلئے پابندی لگا دی گئی ہے۔x

## Khelo India Result

آج نئی دلی کے اندرا گاندھی اسٹیڈیم میں کھیلو انڈیا پیرا گیمز کا آغاز ہوا۔ نتیش کمار، منیشا رام داس سمیت

2024 پیرا لمپکس کے اسٹار کھلاڑی اور ٹوکیو پیرالمپکس میں سونے کا تمغہ حاصل کرنے والے کرشنا ناگر نے اپنے مخالفین کے خلاف اپنی مہارت کا اظہار کیا۔ ناگر نے ابتدائی راؤنڈس میں مہارت کے ساتھ کھیل کا آغاز کیا اور Bonta Goutham Narasimhudu کو اکیس - نو، اکیس- پندرہ سے ہراکر کوارٹر فائنل میں پہنچنے کی آسانی سے راہ ہموار کرلی۔ نتیش نے ہیمنت کمار ٹھاکر کو آسانی سے ہراکر اپنی پوزیشن برقرار رکھی اور انھوں نے اکیس- چھ، اکیس - گیارہ سے میچ جیتا۔

منیشا نے اپنے کوارٹر فائنل میچ میں ویشالی نیلیش پٹیل کو اکیس- چھ، اکیس - گیارہ سے ہراکر غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ مجموعی طور پر کھیلے گئے 69 میچوں کے ساتھ بیڈمنٹن کا مقابلہ دن بھر تجسس کا باعث بنا رہا۔

☆☆☆☆☆☆